© rasailojaraid.com

# کُتُب

**صحیح مسلم (انگریزی ترجمہ)** ترجمہ: عبدالحمید صدیقی۔ ناشر: شیخ محمد اشرف، کشمیری بازار، لاہور۔ جلد اوّل صفحات ۳۸۲۔ سائز ۲۰×۳۰/۸۔ قیمت ۵۵ روپے۔

یہ کتاب الگ الگ پاروں کی صورت میں شائع ہو چکی ہے۔ اب پانچوں پاروں کو کتابی شکل دے کر جلد اوّل کی صورت میں شائع کیا گیا ہے جو کتاب الایمان، کتاب الطہارۃ، کتاب الصلوٰۃ پر مشتمل ہے اور اس میں کل ۱،۵۸۴ احادیث کا ترجمہ ہے۔ ترجمہ کے معیار، احادیث کے حواشی اور دیگر خصوصیات کے متعلق تبصرہ اسی پرچہ کے ایک گذشتہ شمارے میں آچکا ہے۔ طباعت کا معیار اچھا ہے لیکن قیمت حوصلہ شکن ہے۔ کاش قیمت کم ہوتی تاکہ احادیث کا یہ قیمتی خزانہ زیادہ سے زیادہ انگریزی خواں طبقہ تک پہنچ سکتا۔ ممکن ہے کہ قیمت زیادہ مقرر کرنے میں ناشر کی کچھ مجبوریاں ہوں لہٰذا یہ ہی غنیمت ہے کہ دینی اہمیت کی یہ بنیادی کتاب شائع تو ہوئی۔ اس زمانے میں انگریزی میں دینی کتب کو شائع کرنے کی توفیق آخر کتنے ناشرین کو ہے۔

---

۔۔۔ کے آگے کھڑا ہونے سے ڈرا اور جس نے اپنے نفس کو خواہشات سے روکے رکھا پس اس کے رہنے کے لیے جنت ہے)۔

دوسرا طبقہ مشاہدین و مقربین کا ہے۔ اس طبقے کے لوگ بھی کسی قدر پہلے طبقے سے مطابقت رکھتے ہیں لیکن یہ خوفِ خدا میں پہلے طبقے کے لوگوں سے آگے نکلے ہوتے ہیں۔ یہ بشری خواہشات سے رکنے کے علاوہ ملکوتی صفات پیدا کرنے کے خواہش مند رہتے ہیں۔ اسی لیے ان کے لیے مقربین کا لفظ آیا ہے اور ان کو دو جنتوں کی نوید ملی ہے یعنی بشری اور ملکوتی جنتیں۔ قرآن حکیم کے الفاظ ہیں: وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ۝ (اور جو شخص اپنے رب کے آگے کھڑا ہونے سے ڈرتا ہے اُس کے لیے دو باغ ہیں)۔

تیسرے طبقے میں ان بزرگ اور عالی ہمت ہستیوں کا شمار ہوتا ہے جو انبیاء اور رسولوں کے شعائر کی پیروی کرتی ہیں ان کا قلب دنیوی لذتوں کی بجائے خدا کی محبت سے سرشار رہتا ہے۔ ان کے لیے رب العزت نے جنت الفردوس یعنی بلند ترین جنت کا وعدہ فرمایا ہے اور انہیں وارثون کا نام دیا ہے! اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ۭ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ (یہ وہی لوگ ہیں جو وارث ہیں۔ ورثہ میں جنت الفردوس پائیں گے اور اس میں ہمیشہ ہمیشہ کے لیے رہیں گے)۔

© rasailojaraid.com